Virtual Summit between Prime Minister Shri NarendraModi and President of Uzbekistan H.E. Mr. ShavkatMirziyoyev

December 09, 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ازبکستان کے صدر عالی جناب شوکت مرزایوف کے درمیان ورچوئل سمٹ کا انعقاد

09 دسمبر، 2020

1- وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ازبکستان کے صدر عالی جناب شوکت مرزایوف کے مابین 11 دسمبر 2020 کو ایک ورچوئل سمٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔

2- ہندوستان اور ایک وسط ایشیائی ملک کے مابین یہ پہلا باہمی 'ورچوئل سمٹ' اجلاس ہوگا۔ قائدین کووڈ کے بعد کی دنیا میں ہندوستان- ازبکستان کے تعاون کو مضبوط بنانے سمیت دوطرفہ تعلقات کے سارے پہلؤوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

3- ہندوستان اور ازبکستان نے حالیہ دور میں اعلی سطح کے تبادلے کو برقرار رکھا ہوا ہے۔ 2015 اور 2016 میں وزیر اعظم مودی کے ازبکستان کے دوروں اور 2018 اور 2019 میں صدر مرزایوف کے ہندوستانی دوروں نے اسٹریٹجک شراکت داری کو ایک نئی قوت بخشی ہے۔

4- اس بات کی توقع کی جاتی ہے کہ حکومتی سطح پر متعدد معاہدوں/ مفاہمت ناموں پر ورچوئل سمٹ کے موقع پر حتمی شکل دی جائے گی۔

نئی دہلی

09 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.